Booklet Serial No.

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## ماسٹر آف ایجوکیشن (ایم۔ایڈ) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2017

## Master of Education (MEd) Entrance Test - 2017

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

وقت : دو گھنٹے

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

نوٹ: یہ کتابچہ دو حصوں پر مبنی ہے۔ حصہ 'الف' میں (i) علم تدریس (Pedagogy)' (ii) عام انگریزی (General English)' (iii) عصری تعلیمی مسائل (Contemporary Educational Problems)' (iv) تفہیمی صلاحیت (Comprehension) (v) اردو تحریری صلاحیت (Urdu Writing Ability)' جب کہ حصہ 'ب' میں (vi) تعلیم کی فلسفیانہ اور سماجی بنیادیں' (vii) تعلیم کی نفسیاتی بنیادیں' (viii) اطلاعاتی اور ترسیلی ٹکنالوجی' (ix) مدرسہ کا انتظام اور (x) ماحولیاتی تعلیم پر مشتمل ہے۔

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کے 2 صفحے Rough Work کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

# حصہ الف (Part - A)

## (i) علمِ تدریس(Pedagogy)

1. ایک ہی کلاس میں زیرتعلیم بچوں میں سابقہ معلومات، دلچسپی، اکتساب کے طریقوں وغیرہ میں جوفرق ہوتا ہے اسے نفسیات میں کیا کہتے ہیں؟

(a) جماعتی فرق(Class Difference) (B) انفرادی فرق (Individual Difference)

(C) نسلوں کا فرق (Generation Gap) (D) تعلیمی فرق (Educational Difference)

2. تدریسی واکتسابی حکمت عملیوں (Teaching Learning Strategies) کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

(A) طلبہ کے لیے خوشگوار ماحول فراہم کرنا (B) استاد کے لیے خوشگوار ماحول فراہم کرنا

(C) طلبہ کو نفس مضمون پر کام کرنے کا موقع فراہم کرنا (D) استاد کو نفس مضمون پر عبور حاصل کرنے میں مدد کرنا

3. لفظ Pedagogy کا مطلب کیا ہے؟

(A) عملِ اکتساب (B) فنِ تدریس

(C) طریقۂ امتحان (D) B,A اور C تینوں

4. B. J. Skinner کا نام خاص طور پر، کس سے وابستہ ہے؟

(A) سماجی تعمیریت Social Constructivism (B) ادراکی تعمیریت Cognitive Constructivism

(C) کرداریت (Behaviourism) (D) فطریت (Naturalism)

5. دوران تدریس طلبہ کی گروہی سرگرمیوں میں استاد کو کیا کرنا چاہیے؟

(A) خاموش مشاہدہ (B) اپنا سرکاری کام

(C) ایک شریک کی حیثیت سے سرگرمی میں شرکت (D) آرام تا کہ اگلی کلاس کی تیاری ہو سکے

6. تدریس کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) طلبہ کا اکتساب (B) اچھی پیش کش

(C) بورڈ امتحان میں شاندار نتائج (D) فراہمی علم

7. CAI سے کیا مراد ہے؟

(A) Chalk & Instruct Method (B) Computer Aided Instruction

(C) Computer Assisted Instruction (D) Central Advisory Instruction

8. Learning Outcomes کا کیا مطلب ہے؟

(A) ختم تدریس پر طالب علم میں متوقع تبدیلی (B) طالب علم کی امتحان میں کامیابی

(C) طالب علم سے حکومت کی توقعات (D) طالب علم سے سرپرستوں کی توقعات

9. تدریس خورد (Micro Teaching) کیا ہے؟

(A) تربیت کی تکنیک (B) اکتساب کی تکنیک

(C) آزمائش کی تکنیک (D) ہم نصابی سرگرمی کی تکنیک

10. ہر معلم کو اپنے طریقہ تدریس کا کوملبس ہونا چاہیے۔اس کا کیا مطلب ہے؟

(A) طریقہ تدریس کا ماہر (B) نفسِ مضمون پر عبور

(C) اپنے طریقہ تدریس کی دریافت کرنے والا (D) اپنے طریقہ تدریس کی فکر نہ کرنے والا

## (General English) عام انگریزی (ii)

11. Alma mater means

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | Grandmother | (B) | Great Mother |
| (C) | School Attended | (D) | School Served |

12. There are a lot of .................................... in the lake

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | Fish | (B) | Fishes |
| (C) | Fishery | (D) | Fishers |

13. i) Me and my brother are good tennis players
    ii) I and my brother are good tennis players.
    iii) My brother and me are good tennis players
    iv) My brother and I are good tennis players

    Which one is a correct sentence?

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | (i) & (iii) | (B) | (ii) & (iv) |
| (C) | (iii) | (D) | (iv) |

14. Second (past) form and third (past participle) form of the verb 'bet' are respectively.

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | bit, bitten | (B) | bat, batten |
| (C) | bit, bet | (D) | bet, bet |

15. 'Affirmation' means

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | removing from fire | (B) | pulling off fire |
| (C) | confirmation | (D) | rejection |

16. i) Deepika is a proprietor.
    ii) Deepika is a proprietress.

    Which one is correct?

| | | | |
|---|---|---|---|
| (A) | (i) | (B) | (ii) |
| (C) | (i) & (ii) | (D) | neither (i) nor (ii) |

17. What a lovely girl ............................. .

(A) She is. (B) is she.

(C) She is? (D) She is!

18. As her son was disobedient, she punished him. What type is this sentence.

(A) Simple Sentence (B) Compound Sentence

(C) Complex Sentence (D) Simple as well as compound

19. The door is always open for you. This sentence means.

(A) You can always approach me (B) You can always go foreign countries.

(C) You are a global citizen (D) You can progress even now.

20. He was born in ............................. United Kingdom.

(A) A (B) An

(C) To (D) The

## (iii) عصری تعلیمی مسائل

## (Contemporary Educational Problems)

.21 Micheal Jordan کا تعلق کس کھیل سے ہے؟

(A) فٹ بال (B) باسکٹ بال

(C) ہاکی (D) کرکٹ

.22 Rashtriya Uchchatur Shiksha Abiyan (RUSA) کا آغاز کس سال سے عمل میں آیا۔

(A) 2012 (B) 2013

(C) 2014 (D) 2015

.23 ہندوستان میں مرکزی جامعات (Central Universities) کی تعداد کتنی ہے۔

(A) 30 (B) 36

(C) 40 (D) 46

.24 نیشنل کونسل فار پروموشن آف اردو لینگویج (NCPUL) مرکزی حکومت کی کس وزارت کے تحت کام کرتی ہے۔

(A) وزارت ثقافت (Ministry of Culture)

(B) وزارت اقلیتی امور (Ministry of Minorities Affairs)

(C) وزارت زبان و ادب (Ministry of Language & Literature)

(D) وزارت فروغ انسانی وسائل (Ministry of Human Resource Development)

25. NCERT کے ڈائرکٹر کا نام کیا ہے؟

(A) Hrushikesh Senapaty (B) Krishn Kumar

(C) Romila Thaper (D) ان میں سے کوئی نہیں

26. تعلیمی موضوع پر مبنی فلم ''تارے زمین پر'' کا کہانی کار کون ہے؟

(A) عامر خان (B) سلیم خان

(C) راج کمار ہیرانی (D) امول گپتے

27. باباصاحب بھیم راؤ امبیڈکر یونیورسٹی کس ریاست میں واقع ہے؟

(A) مدھیہ پردیش (B) دہلی

(C) اتر پردیش (D) کیرالا

28. قانونِ حق اطلاقات (RTI) کا نفاذ کس سال سے عمل میں آیا؟

(A) 2000ء (B) 2003ء

(C) 2005ء (D) 2010ء

29. آئین ہند کی کس دفعہ کے تحت 14 سال سے کم عمر کے بچوں سے مزدوری نہیں کروائی جاسکتی۔

(A) دفعہ 24 (B) دفعہ 44

(C) دفعہ 14 (D) دفعہ 34

30. مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے دو نمایاں خوبیاں کون سی ہیں؟

(A) مسلم اقلیت کی تعلیم، اردو ذریعہ تعلیم (B) اردو ذریعہ تعلیم، تکنیکی تعلیم

(C) اقلیت کی تعلیم، اردو ذریعہ تعلیم، قومی دائرہ کار (D) وزارت اقلیتی امور کے تحت مسلم اقلیت کی تعلیم

## (iv) تفہیمی صلاحیت

## (Comprehension)

''میں نے کتابیں پڑھی ہیں، باتیں سنی ہیں، صحبتیں اٹھائی ہیں، زندگی دیکھی ہے، غور وفکر کیا ہے۔ان سب کا مجموعی اثر جو کچھ ہو سکتا ہے جسے میں تجربہ کے وسیع مفہوم سے تعبیر کرتا ہوں وہ یہ کہ مسلمان کچھ ہی کیوں نہ ہو، وہ مسخر و مرعوب نہیں ہوتا۔علم و فضل ہو، دولت و حشمت ہو، جانبازی ہو، وہ سمجھتا ہے اور اس پر یقین رکھتا ہے کہ بحیثیت مسلمان وہ ان سب پر قادر رہا ہے اور رہ سکتا ہے۔اس کے لیے اور اس کے نزدیک کوئی ایسی چیز نہیں ہے۔ جس کی اس کو بشارت نہ دی گئی ہو اور کوئی بشارت ایسی نہیں ہے جو اس پر پوری نہ کی گئی ہو۔

اس حقیقت کا احساس افراد کو سنبھالنے اور جماعت کو منظّم اور پائندہ کرنے میں معاون ہوتا ہے۔اقبال ہم میں اس وقت آئے جب ہم اپنی زبونی کی آخری حد تک پہنچ چکے تھے۔ہم کو اپنی باتیں، اپنے اسلاف، اپنی روایات، اپنی استعداد، اپنی تہذیب وتمدن، اپنا علم وکمال، اپنا مذہب و اخلاق غرض اپنا سب کچھ پست و ہیچ نظر آتا ہے۔ہم ان سے شرماتے تھے، ہم میں سے اکثر ان کا مضحکہ اڑانے سے بھی دریغ نہ کرتے تھے۔ پڑھے لکھے اور ترقی یافتہ لوگوں میں بیٹھ کر ہم اپنے علم و کمال، اپنے تمدن، اپنے شعر و ادب کی آڑ پکڑنے سے شرماتے تھے، اقبال نے اس طلسم، ہیچمقداری کو توڑ دیا''

درج بالا اقتباس کو پڑھ کر ذیل کے سوالات کے جواب دیجیے:

31. مضمون نگار نے کس شخصیت کے بارے میں اظہار خیال کیا ہے؟
(A) جاوید اقبال (فرزند علامہ اقبال) (B) شاعر علامہ اقبال
(C) ٹی وی وفلم اداکار اقبال خاں (کشمیر) (D) اقبال مسیح

32. مضمون نگار نے اپنے تجربات کی روشنی میں مسلمانوں کے بارے میں کیا نتیجہ اخذ کیا ہے؟
(A) وہ کسی بھی بشارت سے خوش نہیں ہوتے (B) وہ دولت وحشمت کو ہیچ سمجھتے ہیں
(C) وہ کسی بھی چیز سے مرعوب نہیں ہوتے (D) انہیں دی گئی کوئی بشارت پوری نہیں ہوتی

33. مضمون نگار کی رائے میں دور اقبال میں لوگوں کو اپنی تہذیب اور اپنی روایات کیسی نظر آتی تھیں؟
(A) قابل قدر (B) کم قدر (C) تصوراتی (D) عملی

34. اپنی تہذیب وروایات کو لے کر اقبال کا نظریہ کیا تھا؟
(A) دیگر لوگوں جیسا تھا (B) کچھ کہا نہیں جا سکتا
(C) وہ اپنی تہذیب اور روایات کے قدرداں تھے (D) ان میں سے کوئی نہیں

35. مرعوب ہونا کے کیا معنی ہیں؟
(A) پسند کرنا (B) رعب ڈالنا (C) رعب قبول کرنا (D) پرندے کا نام

36. 'مضحکہ اڑانا' کا کیا مطلب ہے؟
(A) مذاق اڑانا (B) کبوتر اڑانا (C) مقابلہ جیتنا (D) قتل کرنا

37. تہذیب وتمدن، علم وکمال، مذہب واخلاق اور شعروادب تو کامیابی و..............................۔
(A) ناکامی (B) کامیاب (C) کامران (D) کامرانی

38. طلسم کے کیا معنی ہیں؟
(A) دوائی (B) جادو (C) ظلم (D) حل

39. 'پست' کا متضاد لفظ لکھیے۔
(A) قوی (B) کم (C) بالا (D) اعلیٰ

40. اقبال نے طلسم ہیچمقداری کو توڑ دیا۔ یعنی کیا کیا؟
(A) اپنی چیزوں کو اور حقیر کر دیا (B) اپنی چیزوں سے توبہ کر لی
(C) اپنی چیزوں کو کمتر سمجھنے کی عادت پر ضرب لگائی (D) اپنی چیزوں کو برتر ثابت کر دیا

## (v) ۔ اردو تحریری صلاحیت
## (Urdu Writing Ability)

ذیل میں کچھ جملے دیئے گئے ہیں جن کے ایک حصّے میں غلطی ہے اس کی نشاندہی کیجیے۔

41. اردو ہمارا زبان ہے
1 2 3 4

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

42. کھڑکی سے جھانک کر دیکھا تو باہر سال فروس کھرا تھا
1 2 3 4

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

43. وہ پانچوں آدمی ادھر ہی آ رہا تھا
1 2 3 4

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

44. ابوخاں کا پیارا بکری کا نام چاندی تھا
1 2 3 4

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

45. میں نے دوائی پیا اور اپنا کام شروع کر دیا
1 2 3 4

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

46. محترمہ نے کھرے ہو کر آداب کہا
1 2 3 4

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

47. لوگ جور جور سے نعرہ لگا رہے تھے
1 2 3 4

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

48. میں نے اس کے تھپر مارا
1 2 3

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) کوئی غلطی نہیں

49. دانا پانی کی فکر تو جانور بھی کر لیتا ہے
1 2 3 4

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

50. انہوں نے مجھے تین چیزیں دی
1 2 3
(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) کوئی غلطی نہیں

## حصہ ب (Part - B)

### (vi) تعلیم کی فلسفیانہ اور سماجی بنیادیں

51. ''فلسفہ اور تعلیم ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔'' "Philosophy and education are two sides of the same coin!"
یہ بات کس نے کہی تھی۔
(A) John Dewey (B) J.S. Ross
(C) Descartes (D) ان میں سے کوئی نہیں

52. Dewey نے کس چیز پر زور دیا؟
(A) زندگی کے لیے تیاری (Preparation for Life)
(B) تجربہ کی تشکیل نو (Reconstruction of experience life)
(C) اعادہ (Recapitulation)
(D) حصول علم (Acquisition of Knowledge)

53. فلسفہ عینیت (Idealist Philosophy) کا سب سے بڑا مقصد کیا ہے؟
(A) طبیعی نشوونما(Physical Development) (B) سماجی نشوونما (Social Development)
(C) تکمیل ذات(Self-realisation) (D) ان میں سے کوئی نہیں

54. فلسفی وہ ہیں جو سچائی کی نظر کے چاہنے والے ہوتے ہیں۔
"Philosophers are those who are lovers of the vision of truth" یہ بات کس نے کہی۔
(A) Aristotle (B) William James
(C) Plato (D) Scorates

55. منصوبائی طریقہ (Project Method) کس فلسفہ کی عمدہ دین (Outstanding Contribution) ہے۔
(A) عینیت (Idealism) (B) فطریت (Naturalism)
(C) حقیقت (Realism) (D) عملیت (Pragmatism)

56. سماجیاتی نقطہ نظر سے ''تعلیم کا بنیادی مقصد(Primary Aim) کیا ہے؟
(A) تعلیم برائے روحانی ارتقاء (B) تعلیم برائے روزگار
(C) تعلیم برائے اقتدار (D) تعلیم برائے جمہوری شہریت

57. دنیا میں ہندوستانی ثقافت کی کیا پہچان ہے؟
(A) مغربی تہذیب کا عکس
(B) جدید تہذیب
(C) وحدت میں کثرت (Diversity in Unity)
(D) کثرت میں وحدت (Unity in Diversity)

58. آئین ہند کی کونسی دفعہ (Article) مملکت(State) کو درج فہرست ذاتوں اور جماعتوں (SCs & STs) کے تعلیمی مفادات کو فروغ دینے کا حق عطا کرتی ہے۔
(A) دفعہ 14
(B) دفعہ 46
(C) دفعہ 18
(D) دفعہ 36

59. کوئی فرد اپنے اکتساب (Learning) کا آغاز کب کرتا ہے۔
(A) بچپن (Childhood)
(B) بلوغت (Adulthood)
(C) رحمِ مادر(Mother's Womb)
(D) عہد شباب (Adolescence)

60. ہندوستانی ثقافت (Indian Culture) کی اہم خصوصیت کیا ہے؟
(A) مغربی ثقافت کی پیداوار
(B) ہندوؤں کی سرپرستی
(C) بدلتے ہوئے حالات سے مطابقت پیدا کرنے کی صلاحیت
(D) ان میں سے کوئی نہیں

## (vii) ۔ تعلیم کی نفسیاتی بنیادیں

61. تعلیمی نفسیات، تدریس واکتساب (Teaching & Learning) کا مطالعہ ہے۔ یہ تعریف کس نے بیان کی؟
(A) N.L. Munn
(B) Chales E. Skinner
(C) James Ross
(D) William James

62. کس طریقے نے تعلیمی نفسیات کو ایک سائنس بنایا؟
(A) جائزے (Survey) کا طریقہ
(B) تجرباتی (Experimental)طریقہ
(C) تشخیصی(Clinical) طریقہ
(D) مشاہداتی (Observational)طریقہ

63. درج ذیل میں سے کون سی خصوصیت، بلوغیت (Maturation) کی خصوصیت نہیں ہے۔
(A) شرح میں یکسانیت (Uniformity in Rate)
(B) معروضی (Objective)
(C) سلسلہ/تواتر(Sequence) میں یکسانیت
(D) نامعلوم

64. وہ کون سی فطری صلاحیت (Natural Ability) ہے جو کسی شخص کو کسی کام (Job) میں کامیابی دلاتی ہے۔
(A) دلچسپی (Interest)
(B) رویہ (Attitude)
(C) رجحان (Aptitude)
(D) ذہانت (Intelligence)

.65 تخلیقیت (Creativity) سے کیا مراد ہے؟

(A) پیداوار (Reproduction) (B) نئی پیداوار (New Production)

(C) تکرار (Repetition) (D) انجذابی پیداوار (Assimilated Production)

.66 کون، تجزیاتی نفسیات (Analytical Psychology) سے متعلق ہے۔

(A) A. Freud (B) C.G. Jung

(C) H. J. Eyesenk (D) E. Spranger

. 67 اکتساب (Learning) کے بنیادی قوانین (Primary Laws) کتنے ہیں؟

(A) تین (B) دو (C) پانچ (D) چار

.68 ذہنی عمر (Mental Age) کا تصور کس نے دیا؟

(A) Thompson (B) Throndike

(C) Spearman (D) Alfred Binet

.69 مجرم بچوں (Delinquent Children) کو کس گروہ میں شامل کیا جاتا ہے۔

(A) ذہنی استثنائی (Intellectually Exceptional) (B) جسمانی استثنائی (Emotionally Exceptional)

(C) جذباتی استثنائی (Emotionally Exceptional) (D) سماجی استثنائی (Socially Exceptional)

.70 ایک عام کلاس (Normal Class) میں ذہنی طور پر پسماندہ بچوں (Backward Children) کا فیصد عام طور پر کتنا ہوتا ہے؟

(A) 20% (B) 15%

(C) 10% (D) 5%

## (viii) اطلاعاتی اور ترسیلی ٹکنالوجی

.71 تدریس و اکتساب (Teaching Learning) کے چار پہلو کون سے ہیں؟

(A) معلم، طالب علم، سیکھنے کا عمل اور سیکھنے کی صورت حال (B) طالب علم، سیکھنے کا عمل، سیکھنے کی صورت حال، سیکھنے پر انعام

(C) سیکھنے کا عمل، سیکھنے کی صورتحال، سیکھنے پر انعام، نہ سیکھنے پر سزا (D) سیکھنے کی صورت حال، سیکھنے پر انعام، نہ سیکھنے پر سزا، کامیابی

.72 سرگرمی کے اصول (Principle of Activity) کو اور کیا کہا جاتا ہے؟

(A) سیکھ کر کرنے کا اصول (Principle of Doing by Learning)

(B) کھیل کا اصول (Principle of Play Way)

(C) کر کے سیکھنے کا اصول (Principle of Learning by Doing)

(D) اثر آفرینی کا اصول (Principle of Effect)

.73 استقرائی طریقے (Inductive Method) میں کیا کیا جاتا ہے؟

(A) مخصوص مثالوں کے ذریعے مخصوص اصول اخذ کرنا (B) عام مثالوں کے ذریعہ عام اصول اخذ کرنا

(C) عام مثالوں کے ذریعے خاص اصول اخذ کرنا (D) مخصوص مثالوں کے ذریعے عام اصول اخذ کرنا

.74 تعلیمی مقاصد کا تعین کون کرتا ہے؟

(A) فلسفہ (Philosophy) (B) نفسیات (Psychology)

(C) سماجیات (Sociology) (D) انتظام (Management)

.75 ''اکتساب وہ عمل ہے جس کا نتیجہ برتاؤ میں تبدیلی ہوتا ہے۔''

"Learning is a process that results in the modification of behaviour"

(A) Woodsworth R.S. (1945) (B) Kingsley H.L. (1946)

(C) Gates & Others 1946 (D) J.F. Travers (1972)

.76 عمل تدریس (Teaching Process) کے کتنے مراحل (Phases) ہیں؟

(A) پانچ (B) چار (C) تین (D) دو

.77 جدت طرازی (Innovation) کس قسم کی کوشش ہے؟

(A) منصوبہ بند (Planned) (B) غیر منصوبہ بند (Unplanned)

(C) خاموش (Silent) (D) غیر نفع بخش (Non Profitable)

.78 CAT سے کیا مراد ہے؟

(A) Computer Assisted Technology (B) Computer Assisted Training

(C) Computer Assisted Teaching (D) Computer Assisted Transformation

.79 Cognitive Development Model کس نے پیش کیا تھا؟

(A) William Glaser (B) J. Piaget

(C) Bloom (D) Herbart

.80 تدریسی برتاؤ (Teaching Behaviour) کس قسم کی سرگرمی ہے؟

(A) مقصودی (Goal Directed) (B) غیر مقصودی (Non Goal Oriented)

(C) مقصودی اور غیر مقصودی (D) نہ مقصودی اور نہ غیر مقصودی

## (ix) مدرسہ کا انتظام

.81 تعلیمی انتظامیہ (Educational Administration) سے متعلق نظریات کی تقسیم دو اہم قسموں میں کی جاتی ہے۔ پہلی قسم جمہوری اور دوسری قسم........................

(A) بادشاہی (Monarchy) (B) مطلق العنانی (Totalitarian)

(C) تنظیمی (Organisational) (D) عالمی (Global)

82. جمہوری تعلیمی انتظامیہ کا ایک اہم اصول ہے۔
(A) ذمہ داریوں کا اشتراک (Sharing of Responsibilities)
(B) انفرادیت کا خاتمہ (Crushing down of Individuality)
(C) افراد کے درمیان تنازعہ (Conflict among Individual)
(D) انتظامیہ اور اسٹاف کے درمیان تنازعہ (Conflict between Administration and Staff)

83. اسکول کے حق میں بہتر ہے کہ صدر مدرس اسکول کی منصوبہ بندی میں اسٹاف کو؟
(A) بالکل شامل نہ کرے
(B) لازمی طور پر شامل کرے
(C) شامل نہ کرے بلکہ صرف چند لوگوں سے مشورہ کرے
(D) شامل نہ کرے بلکہ عمل آوری کے لیے راغب کرے

84. POSDCORB میں D سے کیا مراد ہے؟
(A) Dictating
(B) Directing
(C) Decoding
(D) Delimiting

85. اسکول کی کامیابی کے لیے سب سے زیادہ کس کی اہمیت ہے؟
(A) مادی وسائل (Physical Resource)
(B) مالی وسائل (Financial Resource)
(C) انسانی وسائل (Human Resource)
(D) بیرونی مسائل (External Resource)

86. مشترکہ فہرست (Concurrent List) میں شامل کرنے سے پہلے تعلیم (Education) کس فہرست میں شامل تھی۔
(A) مرکزی فہرست Central List
(B) ریاستی فہرست State List
(C) مرکزی اور ریاستی فہرست Central & State List
(D) دونوں میں بھی نہیں In neither of the list

87. 25 ستمبر 1985 سے قبل مرکزی وزارت فروغ انسانی وسائل کا نام کیا تھا؟
(A) وزارت تعلیمی امور وخواتین
(B) وزارت حقوقِ اطفال
(C) وزارتِ تعلیم
(D) وزارتِ تعلیم وثقافت

88. کسی بھی تعلیمی ادارے کی منصوبہ بندی (Planning) کرتے وقت کس چیز کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔
(A) ادارے سے وابستہ افراد کی خواہشات
(B) ادارے کے صدر مدرس کی شہرت
(C) ادارے کے لیے انعام واعزاز
(D) ادارے کے اغراض ومقاصد

89. اسکول کے معیار تعلیم کو بہتر بنانے کے لیے کیا ضروری ہے؟
(A) اساتذہ کے لیے دوران ملازمت تربیت کا نظم
(B) سرپرستوں کا تعاون اور اشتراک
(C) A اور B دونوں بھی نہیں
(D) A اور B دونوں بھی

90 اسکول کے سربراہ میں قائدانہ صلاحیت (Leadership Quality) کا ہونا ضروری ہے یعنی:
(A) وہ الیکشن میں حصہ لینے کا تجربہ رکھتا ہو
(B) وہ سیاسی رہنماؤں کے ساتھ وابستہ ہو
(C) وہ اپنے اسٹاف اور طلبہ کی رہنمائی کرنے ادارے کے مقاصد کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہوں
(D) وہ اپنے طلبہ کو مستقبل میں سیاسی لیڈر بنانے کے لیے تیار ہو۔

# (x) ماحولیاتی تعلیم

91. NCEPC سے کیا مراد ہے؟

(A) National Council for Educational Planning and Coordination

(B) National Centre of Educational Planning and Cooperation

(C) National Centre of Environmental Planning and Cooperation

(D) National Council of Environmental Planning and Coordination

92. ہوا میں نائٹروجن گیس کا تناسب کتنے فی صد ہے؟

(A) 21 (B) 78 (C) 1 (D) 45

93. انگریزی لفظ Ecology میں شامل یونانی لفظ Oikos کا مطلب کیا ہے۔

(A) رہائش (B) مطالعہ

(C) ماحول (D) آب وہوا

94. فضاء، سمندر اور زمین پر مشتمل، زمین کے اطراف زندگی کے دائرے کو کیا کہتے ہیں۔

(A) فضائی کرۃ (Atmosphere) (B) حیاتی کرۃ (Biosphere)

(C) ماحولیاتی نظام (Ecosystem) (D) حیاتیاتی عوامل (Bio Factors)

95. سمندر کا شمار کس قسم کے وسائل میں کیا جاتا ہے؟

(A) ریاستی وسائل (B) قومی وسائل

(C) ہمہ قومی وسائل (D) بین الاقوامی وسائل

96. مرکزی حکومت نے کوئلے کی کانوں کو کس سال میں قومیایا تھا؟

(A) 1970 (B) 1971

(C) 1972 (D) 1973

97. کسی دیے گئے علاقے میں اوسطاً تیس سال تک پائی گئی یکساں آب وہوا (Weather Conditions) کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) موسموں کی تبدیلی (Climate Change) (B) موسم (Climate)

(C) موسمی گردش (Climate Cycle) (D) عالمی تپش (Global Warming)

98. سورج کی مضر شعاعوں سے بچنے کے لیے زمین کے اطراف (Strotosphere) کے اوپر قدرتی طور پر موجود پرت (غلاف) کو کیا کہتے ہیں؟

(A) BAP پرت (B) Eco پرت

(C) Anthropo پرت (D) Ozone پرت

-99 برڈ فلو کس وائرس سے پھیلتا ہے؟

(A) A ($H_5N_1$) (B) B ($H_5N_1$)

(C) $A_1(H_2N_3)$ (D) A ($H_1N_5$)

-100 بین الاقوامی سطح پر اقوام متحدہ نے خواتین کا دہا کب منایا؟

(A) 1995 تا 2005 (B) 2005 تا 2015

(C) 1975 تا 1985 (D) 1985 تا 1995

☆☆☆

**ROUGH WORK**

**ROUGH WORK**